© rasailojaraid.com



عبدالرحمٰن عاجز مالیرکوٹلوی

# رضائے خدا ہے رضائے محمدؐ

صفاتِ محمدؐ ثنائے محمدؐ
ہے شرحِ کلامِ خدائے محمدؐ

خدا خود سلام آپ پر بھیجتا ہے
خدا خود ہے مدحت سرائے محمدؐ

محبِّ محمدؐ حبیبِ خدا ہے
رضائے خدا ہے رضائے محمدؐ

وہ خوش بخت ہیں اہلِ دیں اس جہاں میں
ہوئی جن کو حاصل لقائے محمدؐ

عبادت میں خالق کی خلقت کے غم میں
گزرتے تھے صبح و مسائے محمدؐ

پہنچ کر رہی بزمِ عالم میں ہر سُو
صفا پر جو گونجی ندائے محمدؐ

خوشی سے صحابہ کے دل جھوم اُٹھے
سرِ بزم جب مسکرائے محمدؐ

محمدؐ کی شیریں نوائی کا عالم
زمانہ نہ ہوا ہمنوائے محمدؐ

محمدؐ جہاں کے لیے رہنما ہیں
خدا آپ ہے رہنمائے محمدؐ

مقدّر ہوا تاجِ ختمِ نبوت
یہ شان اور یہ ارتقائے محمدؐ

ہوا بہرہ ور دولتِ دیں سے عاجزؔ
یہ ہے فیضِ لطفِ سخائے محمدؐ

© rasailojaraid.com